وہ اس کا کزن ہونے کے ساتھ ، بچپن سے ہی،

اسکا بہت اچھا دوست بھی تھا۔

یہ سب کرکے وہ سکون سے سونے کی تیاری کرنے لگی،،

وہ اس بات سے یکسر بے خبر تھی کہ حازم کا قرار اور اس

کی نیند وہ بہت اچھے سے اپنی تحویل میں لے کر خود آرام و سکون سے

سونے لگی ہے۔

اگر وہ حازم کی موجودہ حالت سے باخبر ہوتی تو اس وقت اس

نے لڑیاں ڈالنی تھی۔۔!!

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حازم نے اللہ اللہ کر کے رات گزاری،۔۔

وہ بمشکل ایک،،دو گھنٹے ہی سویا ہو گا۔

صبح خلافِ معمول وہ جلدی اٹھا اور فجر کی باجماعت نماز بھی ادا کی ورنہ اکثر وہ فجر کی تو قضاء نماز ہی پڑھا کرتا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ ناشتہ کرنے آیا تو پہلی مرتبہ دانستہ ہی ادھر اُدھر آئلہ کی تلاش میں نظریں دوڑا رہا تھا کہ آئلہ سیڑھیوں سے اترتی ہوئی دکھائی دی،،

وہ میرون کلر کی فلیرڈ کُرتی،

گولڈن کلر کے دوپٹے اور ہم رنگ کیپری زیب تن کئے،

حازم کے دل کے کی حالت سے بے پرواہ اس کی دھڑکنیں مزید تیز کر رہی تھی۔

اس سے پہلے کہ وہ اپنے اوپر طاری اس عجیب کیفیت سے نکلتا،،

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آئلہ اس پر ایک ناراض نگاہ ڈالتی کچن کی طرف بڑھ گئی اور اپنی چچی کو اللہ حافظ کہتی گھر سے باہر نکل گئی،

حسبِ معمول ماہرہ اپنے ڈرائیور کے ساتھ گیٹ پر موجود تھی۔

آئلہ نے کار میں بیک سیٹ پر ماہرہ کے ساتھ بیٹھتے ہوئے برتھ دیں اور ساتھ میں اپنے ہاتھ میں موجود wishes ڈے کی ڈھیروں خوبصورت سا تحفہ اسے تھمایا۔

جس پر ماہرہ نے اسے تہے دل سے "شکریہ" کہا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہاں حازم کی نظروں میں بار بار آئلہ کے چہرے کا ناراض تاثر، ٹھہر سا گیا تھا۔

وہ بے دلی سے ناشتہ کر کے اٹھا اور بوجھل قدموں سے چلتا آفس جانے کی تیاری کرنے لگا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ جب گھر آیا تو آئلہ گھر پر نہیں تھی،،

ماہرہ نے اپنے گھر میں اپنی دوستوں کے لیے برتھ ڈے پارٹی ارینج کی تھی اور شاید اسی سلسلے میں آئلہ یونیورسٹی سے سیدھا اس کے ساتھ اس کے گھر ہی چلی گئی تھی۔

حازم نے ادھر اُدھر، اندر باہر اسے ڈھونڈا،،

جب کہیں نہیں دکھائی دی تو تھک ہار کے آخر امی سے پوچھا۔

امی نے بتایا کہ وہ ماہرہ کے ہاں گئی ہے،،

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Be Sakhta | By Shera Awais (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اسے ان کے لہجے میں ناراضگی محسوس ہوئی، تو پوچھا "امی کیا آپ ناراض ہیں مجھ سے؟"

"ہاں بیٹا ایسا ہی سمجھ لو۔۔"

انہوں نے بغیر لگی لپٹی کہے، سیدھا سیدھا جواب دیا۔

لیکن کیوں؟" اس نے تڑپ کر پوچھا کیوں کہ وہ بچپن سے ہی اپنی" امی کے لیے بہت حساس تھا اور ان کی ناراضگی برداشت کرنا تو اس کے بس میں ہی نہیں تھا۔

،...مجھے آئلہ نے کل، تمہاری نکاح کی خواہش کے پیچھے چھپی"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تمہاری نیک نیتوں کے متعلق بتایا،

یقین کرو بے حد افسوس ہوا مجھے وہ سب سن کر،،

میں نے کبھی نہیں سوچا تھا کہ تمہاری سوچ اس حد تک گر سکتی ہے،"حازم کی امی نے جی بھر کر اسے شرمندہ کیا اور وہ حقیقتاً بہت شرمندہ لگ رہا تھا۔

وہ اپنی امی کی بات سن کر ایک لمحے کی بھی دیر کیے بغیر بولا "امی پلیز۔۔!! مجھے معاف کر دیں،،وہ تو میں نے غلطی سے وہ سب کہ دیا تھا،،یقین کریں میں بہت شرمندہ ہوں اپنی اس حرکت پر اور میں آئلہ سے معافی بھی مانگنا چاہتا ہوں، پر پلیز آپ مجھ سے ایسے ناراض مت ہوں،" اس نے بہت عاجزی سے کہا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بیٹا، یقیناً تمہاری معافی کی اصل حقدار تو آئلہ ہے،، بہت بری"
طرح دکھایا ہے تم نے اس بچی کا، "ندا نے اسے مزید
شرمندہ کیا۔

جی امی۔۔! میں کہہ رہا ہوں ناکہ اس سے معافی مانگوں گا، اچھا چلیں"
اب میں چلتا ہوں مجھے کچھ کام ہے، "یہ کہہ کر وہ سیدھا اپنے
روم کی طرف بڑھا۔

آئلہ کے واپس آنے کے بعد حازم نے اس سے بات کرنے کی
کوشش کی تو اس نے فوراً اس کی کوئی بھی بات سننے سے انکار کر دیا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اب حازم زبردستی تو کچھ کہ نہیں سکتا تھا سوچپ چاپ اپنے روم کی طرف چل دیا۔

حازم دو دن تک یوں ہی اس کے آگے پیچھے پھرتا رہا پر آئلہ نے بھی اسے گھاس نہ ڈالنے کی قسم کھا رکھی تھی۔

پھر حازم کو کسی ضروری میٹنگ اور چند ایک دوسرے ضروری کاموں کے سلسلے میں کچھ دن کے لیے آؤٹ آف سٹی جانا پڑا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہاں جا کر بھی آئلہ مکمل طور پر اس کے خیالات کا لازمی حصہ بنی رہی۔

وہ اسے منانے کے مختلف آئیڈیاز کے متعلق بھی بہت کچھ سوچتا رہا۔

جب حازم واپس گھر آیا تو اس کی تایا اپنی فیملی سمیت عمرہ کر کے گھر واپس آچکے تھے، اس لیے گھر میں کافی رونق لگی تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ سب لوگوں سے مل ملا کر اپنے روم میں آیا۔

دوپہر کا وقت تھا، اس نے کھانا بھی اپنے روم میں ہی منگوا کر کھایا۔

اور تھکن اتارنے کی غرض سے بیڈ پر لیٹ گیا۔

آئلہ بدستور اس کے تصورات کا حصہ بنی ہوئی تھی۔

گھر آنے پر بھی اسے آئلہ نہیں نظر نہیں آئی، شاید وہ اپنے روم میں تھی۔

اس کے متعلق سوچتے سوچتے وہ پھر سے سو گیا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عجیب معاملہ تھا کہ کبھی وہ اس کے ذہن سے ایسے کھیلتی کہ منٹوں میں اسے نیند کی وادیوں میں دھکیل دیتی اور کبھی حازم کے چاہنے کے باوجود اس کی آنکھوں سے نیند کھینچ لیتی۔

وہ شام کو اٹھا تو فریش ہو کر باہر آیا۔

آئلہ کے علاوہ سب لان میں بیٹھے شام کی چائے سے لطف اندوز ہو رہے تھے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس نے بھی سب کو جوائن کیا۔

باتوں کے دوران ہی اسے اندر سے آئلہ آتے دکھائی دی،

آئلہ سب کو السلام وعلیکم کہتی فرحان کے پاس آئی اور اپنے آنے کا مقصد بیان کیا،،

بھائی۔۔! میں نے اظفر سے بات کرلی ہے، ان کو میرا اپنی پسند سے برائیڈل ڈریس لینے پر کوئی اعتراض نہیں اس لیے "آپ مجھے ابھی شاپنگ پر لے کر چلیں۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جہاں فرحان آئلہ کی بات مانتے ہوئے اسے جلدی سے شاپنگ پر جانے کے لیے تیار ہونے کا کہہ رہا تھا وہیں حازم کا حیرت کے مارے آنکھیں جھپکانا بھی مشکل ہو رہا تھا۔

آئلہ چہکتی ہوئی اپنا فون، چادر اور پرس اٹھانے اپنے روم کی طرف بھاگی۔

حازم نے بہت مشکل سے،،

،اپنے شدت سے دھڑکتے دل کو سنبھالتے ہوئے۔۔۔

!!اپنے لبوں کو جنبش دی۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور اپنے دماغ میں آتا سوال کہ ڈالا۔۔۔

"یہ آئلہ برائیڈل ڈریس کی کیا بات کر رہی تھی؟؟ کس کی شادی ہے۔"""

"ارے بیٹا تمہیں نہیں پتہ؟؟ آئلہ اور اظفر کا نکاح ہے اگلے ہفتے۔۔"

لو۔۔!!

یہاں سب کی تیاریاں عروج پر ہیں اور تمہیں علم ہی نہیں۔۔!!

پھر تو تم نے اس کی بات پکی ہونے کی مٹھائی بھی نہیں کھائی ہو گی۔۔

صبر کرو۔۔

یہیں بیٹھے رہو،،،

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں ابھی تمہارے لیے تمہارے فیورٹ گلاب جامن لاتی ہوں۔" حازم کی نائلہ تائی نے حازم کے سوال سے بڑھ کر اس کے سارے جوابات ایک ہی سانس میں دیے۔

حازم وہیں بیٹھے بیٹھے خود کو ختم ہوتا محسوس کر رہا تھا۔

اس کی پہلی محبت اس کے اظہار کرنے سے پہلے ہی کسی اور کی ہونے جا رہی تھی۔

اسے اپنا دم گھٹتا محسوس ہوا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ ایک لمحے کی دیر کیے بغیر اندر کی طرف بھاگا۔

آئلہ اپنے روم سے نکل ہی رہی تھی کہ حازم نے اس کا راستہ روکا۔

آئلہ تم اس نکاح کے لیے انکار کر دو،" اس نے بغیر تمہید کے اپنا" مدعا بیان کیا۔

میرے دماغ پر چوٹ لگی ہے یا چہرے پر پاگل لکھا نظر آرہا" ہے،

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جو میں فضول میں اتنا اچھا پروپوزل ریجکٹ کر دوں،" آئلہ نے سلگ کر حازم کے مفت مشورے کو بے مول کرتے ہوئے اپنا جواب دیا۔

!!آئلہ۔۔"

!!میری بات سنو۔۔

دیکھو میں نے کہا تھاناں کہ میں تم سے شادی کرنا چاہتا ہوں تو تم اظفر کے لیے راضی کیوں ہوئیں؟؟" حازم اس کی منت کی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہنہ۔۔شادی۔۔!!تم مجھ سے شادی کرنا چاہتے تھے یا اپنے بدلے پورے کرنے کے لیے ڈھونگ رچانے کی کوشش میں تھے؟؟"

آئلہ نے طنز سے بھرپور لہجے میں اس کو جتایا۔

"آئلہ میں اپنے ان لفظوں کے لیے تم سے معافی مانگتا ہوں، یقین کرو وہ صرف ایک مزاق تھا،

میں سچ میں تمہیں دل سے اپنانا چاہتا ہوں،،

پلیز کیا تم مجھے میری غلطی کے لیے معاف نہیں کر سکتیں؟؟؟؟؟۔"حازم نے لجاجت بھرے لہجے میں، آئلہ سے معافی کی، تقریباً بھیک ہی مانگی تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آئلہ کو لگا کہ اگر وہ مزید اسے سنتی رہی تو وہ رو دے گی اور فوراً سے پہلے ہی اس کی ہر بات پر ایمان لے آئے گی،،

حازم کی آنکھوں میں، اس کے انداز میں موجود سچائی کو وہ محسوس کر سکتی تھی،

اس کے دل کی حالت بھی عجیب ہو رہی تھی مگر اس نے خود کو سنبھالا اور حازم کو اپنے راستے سے ہٹا کر، بغیر کوئی جواب دیے وہاں سے نکل گئی۔

حازم بے بسی سے اسے جاتا دیکھ رہا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہاں آئلہ کا شاپنگ کے دوران دل ہی نہیں لگ رہا تھا اس لیے اسے اچھے سے اچھا ڈریس بھی اسے پسند نہیں آرہا تھا۔

وہ حازم کو ایسے پریشان کر کے خوش نہیں تھی،

جہاں حازم اس کے لیے دیوانہ ہوا جا رہا تھا وہیں وہ بھی اس پر دل ہارے بیٹھی تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بس اپنی شادی کو یادگار پلس مزید ار بنانے کے چکر میں

اس نے حازم کی حالت خراب کی ہوئی تھی۔

اس کی وہ بدلے والی بات سن کر اسے واقعی برا لگا تھا لیکن اس

کے لیے وہ بات کوئی اہمیت بھی نہیں رکھتی تھی۔

بعد میں اسے حازم کی معصومیت بھری (جنہیں وہ حازم کے

سامنے گھٹیا کہ رہی تھی) سوچوں پر پیار بھی آیا جو اس نے کسی پر ظاہر

نہیں ہونے دیا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اسے یہ بات جان کر نہایت خوشی بھی ہوئی تھی کہ حازم سچ میں اس کی حرکتوں سے بہت تنگ تھا اور بے چارے نے ان سے بچنے کا کتنا معصومانہ سولیوشن نکالا تھا۔

وہ، ویسے بھی اسے جان بوجھ کر تنگ کرتی تھی اور اسے ناپسند کرنے کا ڈرامہ کرتی تھی ورنہ حازم تو ہمیشہ سے اس کے دل کی سب سے اونچی مسند پر براجمان تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ واقعی اپنی حرکتوں کے ذریعے اس کی سوچوں کا واحد مرکز بننا چاہتی تھی تاکہ وہ کبھی کسی دوسری لڑکی کے متعلق سوچ ہی نہ سکے اور اس میں وہ سو فی صد کامیاب رہی تھی۔

وہ چاہتی تو بہت پہلے ہی اپنی محبت کا اظہار حازم سے کر سکتی تھی اور اپنی طرف مائل بھی کر سکتی تھی کیونکہ یہ سب اس جیسی اور کانفیڈینٹ لڑکی کے لیے مشکل نہ تھا۔ خوبصورت

مگر پھر بھی اسے اپنی قسمت اور اپنی محبت پر بھروسہ تھا کہ حازم ایک نہ ایک دن خود سے ہی اس سے محبت کرنے لگے گا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور اس کا یہ کامل یقین ہی تھا جس نے پلوں میں حازم کے

جذبات کو ایک نیا رنگ دیا تھا۔

اسے ایک آؤٹ لیٹ سے دوسری آؤٹ لیٹ اور ایک

بوتیک سے دوسری بوتیک پھرتے دو گھنٹے ہو چکے تھے،،،

پر اسے کوئی ڈریس ہی پسند نہیں آ کے دے رہا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

فرحان بھی اچھا خاصا تپ چکا تھا اور ساتھ ہی میں آئلہ پر غصہ بھی کر رہا تھا،

ایک تو اس کو خود کچھ پسند نہیں آرہا تھا اور اوپر سے نائلہ، ندا یا فرحان کی رائے کو وہ اہمیت نہیں دے رہی تھی۔

فرحان آئلہ کو ڈریسز الٹ پلٹ کر دیکھنے میں مصروف پا کر شاپ سے باہر نکلا۔

اس نے حازم کو کال ملائی اور بوتیک کا نام بتا کر فوراً پہنچنے کا کہا،

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیونکہ ان خواتین کی عقل پر تو فرحان کو کوئی بھروسہ نہیں تھا اور شاپنگ سے متعلقہ ایسے مسئلے،، حازم کے ایک مشورے پر سالو (solve) ہو جاتے تھے۔

تھا تو وہ شو ڈیزائنر پلس بزنس مین لیکن شاپنگ کے معاملات میں اسکی چوائس کو بہت اہمیت دی جاتی تھی۔

اب حازم بجھے دل کے ساتھ مارکیٹ جانے لگا کیونکہ فرحان نے اسے یہ کہہ کر بلایا تھا کہ ندا پچی بلا رہی ہیں۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ویسے تو وہ فرحان کی بات بھی کم ہی ٹالتا تھا لیکن اگر اسے اس کی امی کا حوالہ دے دیا جائے تو وہ پھر وہ بات ماننا تو جیسے اس پر فرض ہو جاتا تھا۔

تھوڑی دیر بعد حازم اس بوتیک میں تھا جہاں آئلہ صاحبہ اب تک مختلف ڈریسز میں کپڑے نکالنے میں مشغول تھی۔

فرحان اسے لے کر آئلہ کے پاس آیا،،

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آئلہ کا موڈ ایک دم بدل گیا،،

تھوڑی دیر پہلے اسے حازم کو پریشان کر کے جو افسوس اور ملال ہو رہا تھا اب وہ حازم کی سڑی ہوئی اور دکھ بھری شکل دیکھ کر اندر تک سرشار کر گیا۔

اس لیے اب وہ مسکرا مسکرا کر کپڑوں کے معائنے کر رہی تھی اور حازم اس کی مسکراہٹ دیکھ کر مزید جل بھن رہا تھا۔

تم یہاں کیوں آئے ہو؟؟" آئلہ نے اس سے پوچھا۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حازم نے فرحان کی طرف دیکھ کر آئلہ کے سوال کا جواب طلب کیا۔

میں نے بلایا ہے اسے، تمہیں تو کچھ سمجھ ہی نہیں آرہا کہ کیا لینا" ہے اور دو گھنٹے سے یہاں سے وہاں پھر اپھرا کر میری چٹنی بنادی، اب تم چپ کر کھڑی رہو اور جو بھی جوڑا حازم سلیکٹ کرے گا،، ""چپ چاپ وہی پیک کروانا،، سمجھی؟؟؟؟

فرحان، جو آئلہ کی حرکتوں پر کافی دیر سے بھرا بیٹھا تھا، موقع ملنے پر اچھی خاصی سنانے لگا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آئلہ کو فرحان کی تپی ہوئی شکل دیکھ کر بری طرح ہنسی آئی اور وہ اس کے الفاظ کی سختی بھلائے اس کی شکل دیکھ کر پیٹ پکڑ کر ہنس رہی تھی،

کچھ ہنسی تو اسے حازم کی اجڑے عاشقوں والی شکل دیکھ کر بھی آ رہی تھی جس کو باہر نکالنے کا موقع اسے فرحان کی وجہ سے ملا۔

"اب یہ دانت کس خوشی میں نکل رہے ہیں؟؟؟ ایک سوٹ تک تو پسند کرنا نہیں آتا، بس دانت نکلوالو تم سے۔۔۔!!"

فرحان کا پارہ ابھی بھی high تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بھائی آپ اتنی دیر سے زچ ہو رہے تھے؟؟؟ مجھے بتا دیتے میں ذرا" جلدی کچھ پسند کر لیتی،""آئلہ نے بمشکل اپنی ہنسی کو بریک لگاتے ہوئے کہا۔

میرا دماغ نہیں خراب جو میں تمہیں جلدی کرنے کو کہتا" ورنہ تم سارا ملبہ مجھ پر ڈال کر کل پھر سے چینج کرانے لاتیں اور میرے کل کے چار قیمتی گھنٹے ضائع ہوتے،""فرحان آئلہ کو اسکی پرانی عادت اچھے سے یاد دلائی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

فرحان اور آئلہ چپ ہوئے تو حازم ہاتھ میں ایک روز گولڈ کلر کی انتہائی خوبصورت، برائیڈل میکسی فراک لیے ان دونوں کے اپنی طرف متوجہ ہونے کا انتظار کر رہا تھا۔

آئلہ نے اس کی طرف دیکھا تو لپک کر اس کے ہاتھ سے وہ میکسی لی اور پھٹی پھٹی آنکھیں لیے ستائشی نظر سے اسے دیکھ رہی تھی۔

یقیناً وہ میکسی اسے بے حد پسند آئی تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

❤□❤□❤□❤□

یقیناً وہ میکسی اسے بے حد پسند آئی تھی۔

آئلہ۔۔وہ میکسی لیے فوراً ڈرائینگ روم کی طرف گئی۔

وہ میکسی پہن کر باہر آئی تو حازم کی نظر۔۔۔جیسے پلٹنے سے انکاری ہو گئیں،،

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نداچچی اور نائلہ نے بھی حازم کی پسند کو داد دی اور فرحان نے بھی

پہلی مرتبہ بالکل سچی تعریف کر کے آئلہ کا دل خوش کیا۔

اب وہ واپس ڈریس چینج کر کے میکسی پیک کروا رہی تھی۔

حازم کی تو جان ہی نکلی ہوئی اسے ایسے کسی اور کے لئے خوش دیکھ کر،

ہفتہ گزر چکا تھا،

وہ بے تحاشا منتیں کر چکا تھا،

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ بارہا اپنی محبت کا واضح اظہار کر چکا،،

اپنی اس معمولی سی غلطی سے کہیں بڑھ کر وہ اعتراف کرتا رہا اور بار بار آئلہ سے معافی مانگتا رہا،،

لیکن اس وقت تو ساری دنیا اس پر جیسے تنگ ہی ہو گئی تھی،
کسی نے اس کی ایک نہ سنی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Be Sakhta | By Shera Awais (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ رات کو اپنے بستر پر لیٹا، آج سارے دن کے گزرے واقعات اپنے ذہن میں دہرا رہا تھا۔

ساتھ ہی آئلہ کے نکاح کے متعلق سوچ سوچ کر ہلکان ہو رہا تھا جو کہ کل ہونا تھا۔

اور پھر سے اسے آج والا واقعہ یاد آیا کہ کیسے آئلہ ہنس ہنس کر اظفر سے باتیں کر رہی تھی اور حازم کو شدید اگنور کر رہی تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پھر اسے تایا، تائی کا پروٹوکول یاد آیا جو وہ اظفر کو دے رہے تھے۔ جسے دیکھ کر حازم کو پہلی بار اس سے نفرت، جلن، حسد محسوس ہوا۔

دراصل اظفر اپنی فیملی کے ساتھ آج ہی آگیا تھا جبکہ نکاح کل ہونا تھا۔

حازم یہ سوچ سوچ کر کہ آئلہ ہمیشہ کے لیے، کل کسی اور کی ہو جائے گی، اپنا آپ ختم ہوتا محسوس کرتا رہا۔

اس کا ضبط بے بسی کی انتہا پر تھا،،

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آخر وہ ہمت ہار بیٹھا اور پھوٹ پھوٹ کر رو دیا،

اس نے ایک آخری کوشش کرنے کی ٹھانی،،

وہ ایک آخری التجاء کرنا چاہتا تھا اور یہ التجاء وہ کسی اور کے سامنے نہیں بلکہ اپنے رب کے حضور پیش ہو کر کرنا چاہتا تھا۔

سو وہ اپنی جگہ سے اٹھا اور وضو کر کے جائے نماز بچھا کر چند نفل برائے حاجت ادا کرنے لگا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وقت تقریباً رات کے دو بجے کا تھا۔

اب وہ ہاتھ اٹھائے، اپنی گردن کو جھکا کر، اپنی نظریں خالی ہتھیلیوں پر جمائے، اپنی عرضیاں اپنے رب کو سنانے لگا۔

وہ اپنی محبت کو کھونے کے ڈر کے زیر اثر، زاروقطار رو رہا تھا۔

وہ جن جن الفاظ میں اسے اپنے لیے مانگ سکتا تھا، اس نے طلب کیا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نجانے اس کے لاشعور میں ایک یقین تھا کہ آئلہ اس کی ہے اور کوئی اسے حازم سے نہیں چھین سکتا۔

وہ صبح اٹھا تو سارے گھر میں کافی گہما گہمی تھی، سب یہاں سے وہاں بھاگ رہے تھے،

اصل میں وہ صبح نہیں بلکہ سوا دس بجے اٹھا تھا۔

گھر میں مزید مہمان بھی تھے،

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

فرحان اور اظفر ناشتے کی ٹیبل پر بیٹھے بریڈ اینڈ جیم کے ساتھ انصاف کر رہے تھے،

حازم نے بھی انہیں جوائن کیا۔

بڑی خدمتیں ہو رہی ہیں بہنوئی کی""حازم نے خود کو لاکھ روکنے"" کے باوجود بھی طنز کرنے کرنے لگا۔

ارے کہاں بھائی۔۔!!ابھی تک موقع ہی نہیں ملا،بہنوئی کی" خدمتیں کرنے کا۔"فرحان نے اظفر کو آنکھ مارتے ہوئے کہا،

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور ساتھ میں دونوں نے فلک شگاف قہقہے لگائے، جو حازم کو ایک آنکھ نہیں بھا رہے تھے۔

حازم نے اپنے غصے اور دکھ کر کنٹرول کرتے ہوئے ناشتے کی طرف اپنی توجہ مبذول کی۔

LRI❤

وہ بریڈ کی لاسٹ بائٹ لے رہا تھا کہ آئلہ وہاں سامنے آکر کھڑی ہوئی،

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہاتھ میں بڑا سا بیگ تھا جس میں غالباً اسکی برائڈل میکسی، ہیلز اور جیولری وغیرہ تھے۔

اس نے ٹیبل پر بیٹھے تمام نفوس کو سلام کیا اور اظفر کی طرف متوجہ ہوئی۔

میں ریڈی ہوں، چلو مجھے بیوٹی پارلر چھوڑ کر آؤ، تم نے بولا تھا تم لے کر جاؤ گے"، آئلہ نے ایک ادا سے کہا۔

حازم کی شکل کے بگڑے زاویے دیکھنے والے تھے، فرحان کی تو یہ دیکھ کر ہنسی چھوٹنے والی تھی کہ اس نے خود پر کنٹرول کیا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"یہ کیا بات ہوئی، دولہا خود ہی چھوڑنے جائے گا، دولہے نے خود تیار نہیں ہونا کیا؟؟"حازم پھر سے جلی بھنی پھوپھی بنا ہوا تھا۔

مسٹر حازم!! دلہن کی مرضی وہ جس کے ساتھ بھی جائے،" آپ کون ہوتے ہیں مفت مشورے دینے والے اور بھلا دولہے کی کیا تیاری ہونی ہے۔۔!!ہاتھ منہ دھو کر بس کپڑے ہی تو چینج کرنے ہوتے ہیں"""" ,,, آئلہ نے تڑخ کر جواب دیا جس پر حازم نے اسے کھا جانے والی نظروں سے دیکھا۔

_____&&________&&___

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اسے آئلہ پر بھی بے تحاشا غصہ آرہا تھا کیونکہ اتنے دن سے وہ اس کی کسی بات کو سیریس نہیں لے رہی تھی،،

اور نہ ہی اپنی ضد سے باز آرہی تھی،،

نہ ہی اس نے حازم کی کسی ریکویسٹ پر کوئی کان دھرے تھے۔

ایک دفع تو اس کا دل کیا کہ آئلہ کو کڈنیپ کرکے، زبردستی ہی نکاح کرلے،،

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

لیکن اس کی تربیت اور کردار اسے اس بات کی اجازت نہیں دے رہے تھے کہ وہ کوئی غلط راستہ اپنا کر اپنی خواہش پوری کرے۔

سو،،وہ اب اپنے دل کو قسمت کے لکھے پر راضی کرنے کی کوششیں کر رہا تھا۔

وہ اپنے کمرے میں بند ہو کر، یہاں سے وہاں ٹہل رہا تھا،،

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کبھی تو بار بار خود کو کول ڈاؤن کرنے کی کوشش کرتا کیونکہ آئلہ کے ڈھیٹ اور ضدی پن پر اسے ابھی تک غصہ آرہا تھا اور کبھی اپنے بے حد بے بس ہونے کا سوچ کر بے ساختہ رو دیتا۔

ابھی بھی وہ ٹہل رہا تھا کہ دروازہ ناک ہونے کی آواز سن کر آگے بڑھا،

اپنی ہتھیلی سے آنکھیں رگڑ کر آنسو صاف کیے، ایک گہری سانس اندر کی طرف لے کر خود کو کیا اور دروازہ کھولا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

باہر فرحان ہاتھ میں ایک زبردست سا ٹو پیس لیے کھڑا تھا۔

اس نے وہ ٹو پیس حازم کے ہاتھ میں دیا اور تیار ہونے کا کہا۔

چونکہ نکاح ظہر کی نماز کے فوراً بعد ہونا تھا اس لیے سب جلد از جلد تیار ہو رہے تھے۔

پر میں نے تو یہ ڈریس نہیں منگوایا،، یہ میرا نہیں ہے!!" حازم نے حیرت سے ڈریس دیکھتے ہوئے کہا،، اس کی آنکھیں ابھی بھی سرخ تھیں۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Be Sakhta | By Shera Awais (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جانتا ہوں تم نے نہیں منگوایا، لیکن یہ تمہارا ہی ہے،،"

آئلہ نے تمہارے لیے آرڈر کیا تھا،"فرحان نے اس کی حیرت کم کرنے کی کوشش کی۔

لیکن آئلہ نے میرے لیے کیوں آرڈر کیا؟؟"اب حازم" مزید سرپرائزڈ تھا۔

وہ تم نے بھی اس کی ڈریس سلیکشن میں ہیلپ کی تھی ناں اس" لیے اس نے یہ تمہارے لیے لیا تھا، تاکہ حساب برابر ہو

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جائے۔"فرحان نے آئلہ کی کہی ہوئی لائن اس کے سامنے

رٹ دی۔

فرحان نے آئلہ کی کہی ہوئی لائن اس کے سامنے رٹ دی۔

"بٹ پھر بھی۔۔!!"

تم یہ سوٹ لے جاؤ،،

"میں کچھ اور پہن لوں گا۔۔!!"

اب حازم باقائدہ ضد کرنے لگا تھا۔

"اوہ بھائی۔۔۔!!کیوں اپنی خوشیوں کا دشمن بنا ہوا ہے۔۔"""

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پہن لے یہ سوٹ پھر آئلہ کو پارلر سے تو نے پک بھی کرنا ہے،،"""

"""اور وہاں سے سیدھا ہال میں ڈراپ کرنا۔

دیکھ بھائی، تیرے دل کی حالت میں سمجھ سکتا ہوں،،"

ایک آخری موقع ہے میری بہن کو ایمپریس کرنے کا،،

کیا پتہ!! وہ اپنا فیصلہ بدل دے۔" فرحان نے ایک آنکھ

دباتے ہوئے حازم کو شرارت سے مسکراتے ہوئے کہا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جبکہ حازم کو لگا کہ وہ اس کی بے بسی کا مذاق اڑا رہا ہے۔

اس لیے اور وہ غصے سے اپنی آنکھیں بڑی کرتا، کھا جانے والی نظروں سے فرحان کو گھور رہا تھا۔

اوہ بھائی تھوڑا ٹھہر کچھ دیر بعد کے لیے بچا کر رکھ لے،،"

اور ہاں۔۔!!میں مہمانوں اور باقی فیملی کو ہال میں ڈراپ کر دیتا ہوں،،

اور اظفر ذرا اپنی تیاری میں بزی ہے،،

آئلہ کی کال آئی ہے کہ وہ ریڈی ہو چکی ہے،،

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس لیے تم اسے پک کر لینا،،اور جلدی سے ہال پہنچنا،،

"""اس لیے اب جلدی سے ریڈی ہو جاؤ۔

فرحان نے حازم کے غصے کو خاطر میں لائے بغیر اپنی بات جاری رکھی۔

اوہ بھائی میں نے نہیں پک کرنا اسے،،"

تم خود جا کر لے آؤ،،

عجیب بھائی ہو تم،،

کبھی ہونے والے شوہر کے ساتھ بہن کو بھیج رہے ہو،،

اور کبھی بہن کے ایک عدد امیدوار کو لانے کے لیے کہ رہے ہو،،

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

""یہ سروسز تمہیں خود دینی چاہئیں۔۔بے شرم انسان

حازم نے فرحان کے ڈھیٹ پن اور ایسی اعلیٰ ظرفی کو دیکھ کر کھری کھری سنائی،،

جسکا فرحان کی صحت پر کوئی اثر ہوتا دکھائی نہیں دیا،،

ہاں بھائی،،ہوں میں۔۔۔بے شرم۔۔"

پر میری شرمی کا کوئی علاج نہیں،،

""اس لیے چپ چاپ تیار ہو،اور آئلہ کو لینے جا

فرحان نے بھی ڈھیٹ ہونے کے سارے ریکارڈ توڑتے ہوئے حازم کو مزید جلایا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس سے پہلے کہ حازم انکار کا کوئی اور جواز پیش کرتا۔۔۔

اس کی امی وہاں آگئیں۔

ارے،، فرحان بیٹا تم نے ابھی تک حازم کو اس کے"

کپڑے ہینڈ آور نہیں کیے؟؟؟

جلدی دو اس کو اور نیچے چلو،، سب تمہارا ویٹ کر رہے پہلے ہی

اتنی دیر ہو چکی ہے،،"انہوں نے فرحان کے ہاتھ میں ڈریس

دیکھتے ہوئے، جو حازم اسے واپس تھما چکا تھا، عجلت میں کہا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

فرحان، وہ ڈریس حازم کے ہاتھ میں دوبارہ سے تھما کر جلدی

سے کھسک گیا،،

بیٹا تم بھی ذرا جلدی ریڈی ہو،،،"

آئلہ کو بھی پک کرنا ہے تم نے،،

وہ کب سے انتظار کر رہی ہے،،

"!!اسے جلدی سے لے کر ہال پہنچو۔۔

ندا اسے آرڈر دیتی وہاں سے چلی گئیں۔

حازم تنتناتا ہوا واشروم میں گھسا،،

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور شاور لے کر ڈریس چینج کیا۔

وہ حالانکہ بالکل دل سے تیار نہیں ہوا تھا،،

ایسی تھی کہ دیکھنے والوں کے look مگر پھر بھی اس کی فائنل

جذبات مشتعل کر دیتی۔

بلاشبہ وہ بے تحاشا حسین لگ رہا تھا،،

وہ کار کی کیز اٹھائے روم سے باہر نکل گیا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ پارلر پہنچا تو وہاں تیار ہوئی آئلہ، قیامت ڈھا رہی تھی،

وہ وہاں ایک صوفے پر بیٹھی تھی،

حازم اس کے قریب گیا،،

وہ اپنی ناراض نظروں سے اس کا بھرپور جائزہ لے رہا تھا،،

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دل تھا کہ پھر سے بے لگام دوڑنے لگا،،

اس پل دونوں کی حالت ایسی ہی تھی،،

آئلہ اپنی جگہ سے کھڑی ہو چکی تھی،،

وہ دونوں ایک دوسرے کی نظروں میں بے ساختہ اپنی اپنی
محبت کی کہانی سناتے گئے،،

ایک سحر تھا کہ جس نے دونوں کو مضبوطی سے جکڑ لیا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

یہ سحر تب ٹوٹا کہ جب آئلہ نے پزل ہو کر اپنی نظریں نیچے جھکائیں،،

حازم کی ہارٹ بیٹ پھر سے اس کی اس ادا پر بے ترتیب ہوئی۔

اس سے پہلے کہ وہ اپنا کنٹرول کھو کر کوئی گستاخی کرتا،،

اس نے اپنی نظریں آئلہ سے ہٹا کر اسے چلنے کو بولا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آئلہ اثبات میں سر ہلاتی اس کے ساتھ، اس کا ہاتھ پکڑ کر چلنے لگی۔

آئلہ کے نرم ہاتھوں کا لمس اسے عجیب سا احساس بخش رہا تھا۔

وہ بیک وقت اس کے انداز سے اپنائیت اور اجنبیت محسوس کر رہا تھا۔

حازم نے جواب طلب نظروں سے آئلہ اور یکجا ہاتھوں کو دیکھا۔

وہ میں ہائی ہیلز میں کمفرٹیبل نہیں رہتی ناں،،"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس لیے بیلنس نہیں ہو پا رہا صحیح سے،،

""اس لیے اپنے ہاتھ کا سہارا لینے دو مجھے۔

آئلہ نے اس کی نظروں کا مفہوم پا کر جواب دیا۔

حازم اس کی بات سمجھتے ہوئے مضبوطی سے اپنا ہاتھ تھامے آگے بڑھ گیا۔

______$$$_____

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ دونوں کار میں بیٹھ چکے تھے،

آئلہ آج بھی فرنٹ سیٹ پر اس کے ساتھ بیٹھی تھی۔

حازم ابھی بھی شکوہ کناں آنکھوں سے اس کے دل پر وار کر رہا تھا۔

تم نے اچھا نہیں کیا میرے ساتھ،، کیا تھا جو تم مجھے" معاف کر دیتیں۔" وہ اپنی طرف سے ایک بھرپور شکایت کرتا گاڑی اسٹارٹ کر چکا تھا۔

آئی تھنک۔۔۔!! تم نے کچھ ایسا نہیں کیا جس کے لیے تمہیں معافی" کی ضرورت ہو۔۔۔۔!!

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور میں نے بھی تمہارے ساتھ کچھ برا نہیں کیا جس کے لیے تم

""مجھ سے شکایت کرتے پھر رہے ہو۔۔

آئلہ نے چہرے پر معصومیت بھرے انجان ہونے کے

تاثرات پیدا کرتے ہوئے پر سوچ انداز میں کہا۔

اوہ۔۔رئیلی،، یہ تم نے طنز کرنے کا اور مقر نے کا"

کوئی نیا طریقہ ڈھونڈا ہے۔۔"حازم نے تپ کر کہا۔

میں طنز نہیں کر رہی،، "

آئی مین....!!

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ بات جس کے لیے تم نے ایک ہفتے سے معافیاں مانگ مانگ کر میرے کام پکائے ہوئے ہیں،،

اس میں معافی مانگنے کی کوئی تک ہی نہیں بنتی،،

اب اتنے اتنے سے مذاق تو کزنز میں ہوتے رہتے ہیں،،

اس لیے میں نے تمہیں معاف نہیں کیا کیونکہ اس بات کے لیے میرے لحاظ سے تو معافی مانگنا بنتا ہی نہیں تھا،،ہی ہی ہی""

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آئلہ نے اپنے دانت نکالتے ہوئے، اپنی ایک بالکل ہی نئی لاجک حازم کے سامنے پیش کی۔

حازم کے کان تک غصے سے سرخ ہو چکے تھے،،،،

یہ بات تم مجھے اب بتا رہی ہو۔۔۔!!!! تمہیں شرم نہیں آتی؟؟؟ ایک ہفتے سے اس بات پر تم مجھ سے تگنی کا ناچ نچوا رہی ہو!!!!

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اوہ۔۔مسٹر۔۔!!میں نے تمہیں دعوت نہیں دی تھی کہ تم"

میرے ترلے کرو،،،

،اب چپ چاپ کارڈرائیور کرو اور میرا موڈ خراب مت

کرو،،

!!!اور خبردار میرے نکاح کے حوالے سے کوئی بات کی تو۔۔۔

یہ میرا پرسنل میٹر ہے،،

"'میری مرضی میں کسی سے بھی کروں۔۔۔

آئلہ نے حازم کو چپ کرانے کی اپنی سی کوشش کی۔

!!!یہ بھی خوب کہی تم نے کہ تمہارا پرسنل میٹر ہے۔۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور یہاں جو میرے دن رات میرے لیے عذاب بنے ہوئے

ہیں،،

ان کا کیا۔۔!! آئلہ اللہ نہ کرے۔۔! اللہ نہ کرے۔۔! کہ تمہیں وہ

اذیت ملے۔۔ جس سے میں گزرا ہوں،،

وہ بھی تمہارے لیے۔" حازم نے انتہائی کرب سے کہا۔

آئلہ، حازم کے چہرے پر درد دیکھ کر محظوظ ہوئی،،،

اپنے بے حد خوشنصیب ہونے کا یقین کیا اور ساتھ میں اس

بات پر دل ہی دل میں اللہ کا ڈھیروں شکر ادا کیا،، کہ اس نے

کیا پیار کرنے والا شخص اس کے نصیب میں لکھا ہے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آمین..!اور تم بھی حوصلہ رکھو،،"

"""تمہیں تمہارے صبر کا صلہ ضرود ملے گا

آئلہ نے شرارت سے حازم کی طرف دیکھ کر کہا،،

وہ اس کے چہرے پر چھائے ان شریر تاثرات کا مطلب نہیں سمجھ پایا۔

وہ لوگ ہال پہنچ چکے تھے،،

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور ہمارے اس بدھو سے حازم کا دل آئلہ کو کھونے کے خوف سے دھک دھک کر رہا تھا،

یقیناً اس بار اس نے اپنے نام کے مطلب یعنی "ہوشیار اور دانا" ہونے کا کوئی مظاہرہ نہیں کیا،

ایک گھر میں رہتے،،

اسے اپنے خلاف ہونے والی سازشوں کی بھنک بھی نہیں پڑی اور ایک یہ آئلہ ہے کہ جس نے حازم کے بن بتائے ہی اس کے اندر تک کے راز جان لیے،، اس کی سوچیں تک پڑھ لیں۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حازم کار سے نکل کر دوسری سائیڈ پر آیا،،

آئلہ کی کار سے نکلنے میں مدد کی،، کیونکہ ڈریس ذرا زیادہ ہی ہیوی تھا اور اسے خود سے نکلنے میں مشکل ہو رہی تھی۔

پھر آئلہ ویسے ہی اس ہاتھ تھامے چل رہی تھی کہ ایک خیال کے تحت،، اس نے اپنا بازو، حازم کے بازو سے کراس کیا،، اور کسی loving couple بہت ہی کی طرح چلنے لگی،،

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حازم اس کی ان عجیب حرکتوں پر جتنا حیران ہوتا وہ کم تھا۔

وہ لوگ ہال میں اینٹر ہوئے تو سب ہاتھوں میں پھولوں کی پلیٹیں لیے ان پر پھول نچھاور کر رہے تھے،

اس مجمعے میں اظفر بھی شامل تھا جو مسکراتے ہوئے شرارت سے حازم کو دیکھ رہا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Be Sakhta | By Shera Awais (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ادھر ادھر سے آئلہ اور حازم کے کزنز اور آئلہ کی فرینڈز کی ہوٹنگ کا شور بھی بلند ہو رہا تھا۔

,,حازم بے حد حیران ہو رہا تھا

اس کے لیے، نکاح کے پیپر پر سائن کرتے وقت، یہ یقین کرنا مشکل ہو رہا تھا کہ اس کی ہر دعا ایسے بھی قبول ہو سکتی ہے۔

وہ دل سے اللہ کا شکر گزار تھا کہ آئلہ ہمیشہ کے لیے اس کی ہو گئی۔

اور تو اور اسے سب کا یہ سرپرائز بھی بہت پسند آیا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جو بھی تھا آئلہ نے اسے بہت ستایا تھا،،

اس لیے اسکی ایک کلاس لینا تو بنتا تھا،،

اس لیے اس نے نکاح کے بعد۔۔ آئلہ کو بہت اگنور کیا،،

کے کہنے کے علاوہ، photographer سارے فوٹو سیشن میں بھی
اس نے ایک دفع بھی آئلہ کی طرف نہیں دیکھا،،،،

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آئلہ بس اپنی یوں نظر انداز ہونے پر جلی بھنی بیٹھی تھی،،

تھوڑی دیر پہلے والی ایکسائیٹمنٹ اب غصے میں بدل گئی تھی۔

سارے مہمان بھی جا چکے تھے۔

گھر واپس آنے کے بعد بھی حازم نے اسے کوئی لفٹ نہیں کرائی

بلکہ اسے وہیں ہال میں چھوڑ کر خور اکیلا ہی گھر واپس آیا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL

https://crazyfansofnovel.com/

fb.me/CrazyFansOfNovel

آئلہ کا تو بس نہیں چل رہا تھا کہ وہ حازم کا کلیجہ نکال کر چبا ڈالے۔

وہ سب تقریباً شام کو گھر پہنچے،،

حازم نے گھر آتے ہی سب سے پہلے چینج کر کے شکر کے نوافل ادا کیے اور پھر گھر سے باہر اپنے دوستوں کو ٹریٹ دینے نکل گیا،،

کیونکہ تھوڑی دیر پہلے والے نکاح کی پکچرز وہ اپنے واٹس ایپ اسٹیٹس پر اپلوڈ کرنے کی غلطی کر چکا تھا جس پر اس کے دوستوں نے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مبارکباد کے ساتھ ٹریٹ کی فرمائش کر کر کے دماغ

چاٹ لیا۔

____&&&____

یہاں آئلہ، حازم کا اپنے پاس آنے کا انتظار کر رہی تھی تا کہ وہ اس

کے ایسے اگنور کرنے پر اس کا سر پھاڑ سکے،

!!پر حازم میاں کہاں ہاتھ آنے والے تھے۔۔۔

حازم تو گیارہ بجے گھر واپس آیا،

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ امی کو کہہ کر گیا تھا کہ اس کا رات کے

کھانے پر ویٹ نہ کیا جائے کیونکہ وہ دوستوں کے ساتھ باہر

سے ہی ڈنر کر کے آئے گا۔

اس لیے امی سمیت سب سو رہے تھے اور وہ سیدھا اپنے روم

میں گیا رہ،،

ہاتھ منہ دھو کر فریش ہوا اور آکر بیڈ پر لیٹ گیا،،

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اسے ایسے لیٹے کچھ ہی دیر ہوئی تھی کہ اسے نے سوچا کیوں نا ایک حاضری آئلہ بیگم (اب تو وہ اس کی بیگم ہی تھی) کے پاس لگالی جائے۔۔!!

یہ خیال آتے ہی وہ اٹھا،،

ٹائم دیکھا تو پونے بارہ ہو رہے تھے۔۔

وہ آہستہ آہستہ چلتے ہوئے آئلہ کے روم کی طرف بڑھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ اس کے روم کی طرف گیا تو دروازہ کھلا اور لائٹس آن تھیں،،

آئلہ یہاں سے وہاں، ناک منہ پھلائے اپنے روم میں ہی ٹہل رہی تھی۔

حازم آرام سے روم میں گیا اور دروازہ اندر سے لاک کر لیا۔

آئلہ کا تو اسے دیکھ کر پارہ ہی چڑھ گیا،،

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

گویا وہ اس ہی کے آنے کا انتظار کر رہی تھی اور جیسے اسے یقین تھا اس کے آنے کا۔۔!!

"اب کیوں آئے ہو یہاں ؟؟؟ ہیں۔۔۔!! بتاؤ؟؟؟"

❤LRIقبول ہےPDI □ ❤LRI اور اترا کیوں رہے ہو اتنا۔۔۔!!! تین دفع ""کیا بول دیا۔۔ تمہارے تو مزاج ہی نہیں مل رہے PDI □

آئلہ نے حازم کو دیکھتے ہی اپنا سارا غصہ نکالا،،

اس نے یہ سب کہتے ہوئے اپنا لہجہ سخت اور آواز دھیمی رکھی،،

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ ہر لفظ خوب چبا چبا کر بول رہی تھی،،

جبکہ حازم اس کی حالت سے بہت محظوظ ہو رہی تھی،،

بس اتنی سی دیر کا نظر انداز ہونا برداشت نہیں ہو رہا،، اور میں نے "

جو پورا ہفتہ تم سمیت ساری فیملی کا یہ رویہ برداشت کیا،،

"وہ تو کسی کھاتے میں ہی نہیں،،، ہیں نا؟؟

حازم نے بھی اسی کی طرح نسبتاً ٹھنڈے لہجے میں اسے جواب

دیا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

توکیا ہوا۔۔جو تم نے تھوڑا برداشت کر لیا،،"

لوگ تو پتہ نہیں کیا کیا برداشت کر کے شکوہ تک نہیں کرتے اور ایک تم ہو کب سے ایک ہفتے کے رونے روئے جا رہے ہو،، تمہیں تو شکر کرنا چاہیے کہ جو تم چاہتے تھے وہ ہو گیا اور بائی دا وے تم اس وقت میرے روم میں کیوں آئے ہو؟؟؟" آئلہ اپنی اصلی ٹون میں واپس آتی آرام سے کہہ رہی تھی،،

پہلی بات تو یہ کہ میں رونا نہیں رو رہا بلکہ تمہارے دونوں کا" جواب دے رہا تھا اور...

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دوسرا یہ میں شکر ادا کر چکا ہوں اور آئیندہ بھی کرتا رہوں گا۔۔اوررررر،۔۔۔۔۔۔۔۔

تیسرا یہ کہ میرا دل چاہ رہا تھا کہ میں اپنی بیگم سے ذرا اچھی سی صلح کرلوں،،

"کچھ اپنی زوجہ محترمہ کی سنوں کچھ اپنی سناؤں۔۔

یہ تیسری بات اس نے آئلہ کے قریب آتے ہوئے، خاصے رومینٹک انداز میں کہی۔

آئلہ پیچھے ہوتی گئی، وہ قریب آتا گیا،،

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آخر پیچھے دیوار آ گئی اور آئلہ دیوار سے جا لگی،،

حازم نے دونوں بازو دیوار پر، اس کے دائیں بائیں رکھ کر فرار کا راستہ بند کیا۔

یہ جورومینس کا کیڑا تمہارے اندر سر اٹھا رہا ہے ناں۔۔!!"

اس کو فوراً مار دو ورنہ تمہارے ساتھ اچھا نہیں ہو گا!!۔۔۔" آئلہ نے اپنی لڑکھڑاتی آواز میں کمزور سی دھمکی دی،،

اس کا سارا کانفیڈینس بھاپ بن کر اڑ گیا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس کا گھبرایا چہرہ حازم کو بہت مزہ دے رہا تھا۔

نہیں آلوڈارلنگ،، یہ کیڑا تو تاحیات مجھ میں زندہ رہے گا،" حازم نے اپنا چہرہ اس کے چہرے کے قریب لاتے ہوئے کہا،

یہ آلوڈارلنگ کیا ہوتا ہے،،" آئلہ دھیمے سے غصے میں بولی،، "

اسے اپنا یہ نیا نام بالکل پسند آیا تھا۔

تم ہو آج سے میری آلوڈارلنگ،،"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیا ناں،، تو ایسے دس اور نام رکھ دوں گا،،"اب وہ اچھی resist اور زیادہ طرح سے اسے ستا رہا تھا۔

لیکن تم مجھ سے ذرا دور ہو کر مجھ resist اچھا ٹھیک ہے۔۔ نہیں کرتی" سے بات کرو ناں۔۔!" آئلہ نے ہار مانتے ہوئے کہا،،

واہ!! تم تو بہت اچھی بچی بن گئی ہو،، ساری باتیں ماننے لگی ہو،، چلو" شاباش اب جلدی سے میرے گال پر ایک کس کر کے صلح کرو،، ورنہ میرے رومینس والے کیڑے نے proper اچھی طرح سے جاگ جانا ہے،، پھر جو کچھ ہو گا،، اس کی "ذمہ دار ہو گی۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حازم نے اچھی طرح سے آئلہ کو ڈرایا دھمکایا اور اپنا گال اس کے ہونٹوں کے سامنے کیا۔

آئلہ نے بھی فوراً اپنے نرم ہونٹ اسکے گال پر رکھے کہ کہیں جو وہ کہ رہا ہے سچ مچ میں کر ہی نہ دے،،

اور اپنی جان چھڑانے کی کوشش کی۔

حازم بھی اسے مزید تنگ کرنے کا ارادہ ترک کے پیچھے ہوا۔

اس نے اس شرمائی ہوئی آئمہ کو مسکرا کر تھینکس بولا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور جیب سے ایک انگوٹھی نکال کر اسے پہنائی،

ایک محبت اور احترام سے بھرپور بوسہ اس کے ماتھے پر دیا،، اور گڈنائٹ کہہ کر جانے لگا۔

"Listen..!!

آئلہ کی آواز پر وہ دوبارا مڑا۔

تمہارا بھی بہت بہت شکریہ،، اور سوری بھی۔۔ میں نے "بہت تنگ کیا ہے ناں اب تک۔۔"" آئلہ نے نظریں جھکا کر، انتہائی نرمی سے کہا،،

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تھینکس تک تو ٹھیک تھا بٹ سوری کی ضرورت نہیں۔"حازم" نے مسکرا کر آئلہ کو ہگ کرتے ہوئے کہا اور پھر سے گڈنائیٹ کہتا باہر نکل گیا۔

اب دونوں کی تا حیات خوشیاں ان کی منتظر تھیں۔

اللہ سب کو ایسی ہنستی مسکراتی زندگی عطا کرے۔

ختم شد

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

امید ہے آپ کو یہ ناول پسند آیا ہو گا اپنی قیمتی رائے سے ہمیں ضرور آگاہ کیجئے

فی امان اللہ

اپنا خیال رکھیے اور ہمیں اپنی دعاؤں میں یاد رکھیے اللہ آپ کے لیے بھی خیر و

عافیت کا معاملہ فرمائے

آمین

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel